# 27-05-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ سرکاری املاک کی تباہی کے لئے بی آر ایس قائدین کی جانب سے کھلے عام اپیل کرنا غیر قانونی عمل ہے۔

۲۔محکمہ موسمیات کی جانب سے کئی اضلاع کیلئے اورنج الرٹ جاری کئے جانے کے بعد وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے حکام کو بارش کے سلسلہ میں چوکس رہنے کی ہدایت دی ہے اور اناج خریداری مراکز میں مناسب انتظامات کرنے پر زور دیا۔

۳۔ریاستی وزیر ٹی ناگیشور راؤ نے اعلان کیا ہے کہ مکئی کی خریداری میں ریکارڈ قائم کرنے والی تلنگانہ حکومت آئندہ دو سے تین دنوں میں لاکھوں کسانوں کے بینک کھاتوں میں 1,173 کروڑ روپے جمع کرائے گی۔

اور

۴۔ریاستی وزیرِ ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے حیدرآباد کے کوکٹ پلی آرٹی سی بس ڈپو میں آج 60 الیکٹرک بسوں کا افتتاح کیا۔

Governor

تلنگانہ کے گورنر شیو پرتاپ شکلا نے کل منائے جانے والے عیدالاضحیٰ کے موقع پر ریاست کے تمام مسلم بھائیوں اور بہنوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے پیغام میں گورنر نے کہا کہ بقرعید قربانی کے جذبہ اور اعلیٰ ترین عبادت وعقیدت کی علامت ہے۔انہوں نے کہا کہ سخاوت،عبادت اور غریبوں کی مدد جیسے اقدار کی وجہ سے اسلامی عقیدے میں اس تہوار کو خاص مقام حاصل ہے۔

Desk

Traffic Diversions

عیدالاضحیٰ کے موقع پر بکروں اور بھیڑوں کی خرید وفروخت کے پیش نظر آج اور کل ٹولی چوکی، نانل نگر ریتی باؤلی روڈ، نیز ریتی باؤلی سے عطاپور جانے والی سڑک پر شدید ٹریفک جام ہونے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔حیدرآباد ٹریفک پولیس نے بتایا کہ شام 5 بجے سے صبح 4 بجے تک ٹریفک کا رخ موڑ دیا جائیگا۔رائے درگم اور گچی باؤلی سے مہدی پٹنم آنے والے موٹر گاڑیوں کو فلم نگر روڈ یا برنداون کالونی روڈ استعمال کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔اسی طرح لکڑی کا پل سے گچی باؤلی جانے والی گاڑیوں کو مانصاحب ٹینک جنکشن سے دائیں جانب مڑ کر بنجارہ ہلز کے راستے جانے کی ہدایت دی گئی ہے۔

Desk

CM's Alert

محکمہ موسمیات کی جانب سے کئی اضلاع کے لئے اورنج الرٹ جاری کئے جانے کے بعد وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے حکام کو بارش کے سلسلہ میں چوکس رہنے کی ہدایت دی ہے۔انہوں نے دھان خریداری مراکز پر اضافی انتظامات کرنے کے احکامات جاری کئے۔وزیر اعلیٰ نے دھان کی خریداری کے عمل کو تیز کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ خریدی مراکز پر موجود دھان کو بارش سے بچانے کے لئے مناسب انتظامات کرنے کی ہدایت دی۔موسمیاتی مرکز کی جانب سے تیز آندھیوں کی وارننگ کے پیش نظر عوام کو بھی محتاط رہنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

Desk

Bandi Sanjay

مرکزی وزیر بنڈی سنجے کمار نے الزام لگایا کہ دھان کی خریداری کے معاملہ میں ریاستی حکومت مکمل طور پر ناکام ہوگئی ہے۔انہوں نے کریم نگر میونسپل کارپوریشن عمارت کی دوسری منزل کی تعمیراتی

کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔اس کے علاوہ مزدور فلاحی عمارت کی مرمت اور تجدیدی کاموں کا بھی آغاز کیا۔ اس موقع پر انہوں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دھان خریداری پر ہونے والے تمام اخراجات مرکز برداشت کر رہا ہے جبکہ ریاستی حکومت صرف ثالثی کا کردار ادا کر رہی ہے اس کے باوجود وہ ناکام ثابت ہو رہی ہے۔ انہوں نے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا کہ سیاسی بیانات سے گریز کرتے ہوئے جنگی بنیادوں پر دھان کی خریداری مکمل کی جائے۔

Sound Byte Bandi Sanjay

بنڈی سنجے کمار نے وعدہ کے مطابق ہر دانہ خریدنے اور تمام اقسام کے دھان پر بونس دینے کا بھی مطالبہ کیا۔

PTC - Karimnagar

Praja Palana – Pragathi Pranalika

ریاستی کابینہ کی ذیلی کمیٹی نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ پراجا پالنا- پرگتی پرنالیکا اختتامی تقاریب کو انتہائی شاندار انداز میں منعقد کیا جائے۔حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ 2 جون سے 12 جون تک ریاست بھر میں مختلف پروگرام منعقد کئے جائیں گے اور متعدد سنگ بنیاد و افتتاحی تقاریب انجام دی جائیں گی۔کل سکریٹریٹ میں نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکا کی صدارت میں کابینہ ذیلی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں گرام سبھا، منڈل، ذیلی کمیٹی، حلقہ اسمبلی اور ضلع سطح پر اب تک منعقد کئے گئے پراجا پالنا- پرگتی پرنالیکا پروگراموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔کابینہ ذیلی کمیٹی نے حکام کو ہدایت دی کہ آئندہ دنوں میں عوامی شراکت داری کے ساتھ مزید پروگرام منعقد کئے جائیں۔ وزراء نے واضح کیا کہ کسی بھی سطح پر کوئی کوتاہی نہ ہو اور تمام محکمے باہمی تال میل کے ساتھ کام کریں۔

Desk

Maize

ریاستی وزیر ٹی ناگیشور راؤ نے اعلان کیا ہے کہ مکئی کی خریداری میں ریکارڈ قائم کرنے والی تلنگانہ حکومت آئندہ دو سے تین دنوں میں لاکھوں کسانوں کے بینک کھاتوں میں 1,173 کروڑ روپے جمع کرائے گی۔ وزیر نے بتایا کہ ریاست میں اب تک 14 لاکھ میٹرک ٹن مکئی کی خریداری مکمل ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کے گوداموں کے علاوہ پہلی بار پڑوسی ریاستوں کے گوداموں میں بھی مکئی کی منتقلی کی جا رہی ہے۔ وزیر ٹی ناگیشور راؤ نے واضح کیا کہ کسانوں کو مناسب قیمت فراہم کرنے اور خریداری کے عمل میں شفافیت برقرار رکھنے کیلئے ریاستی حکومت پوری طرح پابند عہد ہے۔

Desk

House

حیدرآباد کے حدود میں شامل 24 اسمبلی حلقوں میں ایک لاکھ ایل آئی جی مکانات کی تعمیر کے لئے حکومت نے اقدامات شروع کر دئے ہیں۔ ریاستی وزیر پی سرینواس ریڈی نے وزیر محمد اظہر الدین اور رکن پارلیمنٹ اسدالدین اویسی کے ساتھ آج ناملی، ملک پیٹ اور بہادر پورہ اسمبلی حلقوں میں مختلف مقامات کا معائنہ کیا۔ وفد نے کلثوم پورہ، افضل ساگر علاقوں میں موجود کالاڈیرہ اور گڈی انارم میں خستہ حال سرکاری عمارتوں کا بھی جائزہ لیا۔ اس موقع پر وزیر سرینواس ریڈی نے کہا کہ حکومت غریبوں کے اپنے گھر کے خواب کو پورا کرنے کی سمت میں اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پہلے مرحلہ میں ایک لاکھ مکانات تعمیر کرنے کا حکومت نے فیصلہ کیا ہے۔

Desk

No Ebola Cases Reported

ریاستی وزیر دامودھر راج نرسمہا نے واضح کیا ہے کہ ریاست میں اب تک ایبولا وائرس کا کوئی معاملہ درج نہیں ہوا اور نہ ہی ایبولا جیسی علامات والے کسی شخص کی شناخت ہوئی ہے۔ افریقہ کے بعض ممالک میں ایبولا وائرس کے پھیلاؤ کے پیش نظر، احتیاطی اقدامات اور تیاریوں کا جائزہ لینے کے لئے کل حیدرآباد میں واقع آروگیہ شری ٹرسٹ دفتر میں وزیر نے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد کیا۔ وزیر نے بتایا کہ احتیاط کے طور پر 21 دن کی ہوم آئسولیشن کی ہدایت دی گئی ہے۔ اس موقع پر وزیر نے حکام کو کئی اہم ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی قسم کی غفلت کی گنجائش نہ ہو اور مسلسل نگرانی جاری رکھی جائے۔ انہوں نے ہدایت دی کہ اگر کسی میں بیماری کی علامات ظاہر ہوں تو فوری طور پر اسے گاندھی ہاسپٹل کے آئسولیشن وارڈ منتقل کیا جائے۔ وزیر دامودھر راج نرسنہا نے کہا کہ ایبولا کے معاملہ میں ریاست کے عوام کو گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ حکومت پوری طرح چوکس ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ریاست میں ایبولا کے داخلہ کو روکنے کے لئے ہوائی اڈوں پر مسافروں کی اسکریننگ اور تھرمل اسکیننگ کی جا رہی ہے۔

Desk

Tummala

ریاستی وزیر تملا ناگیشور راؤ نے کوہیڈا مارکٹ کے سنگ بنیاد پروگرام کے انتظامات پر سکریٹریٹ میں ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ وزیر نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ کی شرکت والے اس پروگرام کے انتظامات کے لئے مختلف محکموں کے ایچ او ڈیز اور ریاستی سطح کے افسران کو نوڈل افسر مقرر کیا گیا ہے۔ انہوں نے حکام کو ہدایت دی کہ پروگرام میں شریک عوام، کسانوں اور عوامی نمائندوں کو کسی قسم کی دشواری نہ ہو اور تمام محکمہ باہمی تال میل کے ساتھ کام کریں۔ وزیر نے اسٹیج کی تیاری، ٹریفک

کنٹرول، پینے کے پانی کی فراہمی، پارکنگ، سکیورٹی، بجلی اور صفائی ستھرائی جیسے امور پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت دی۔

Desk

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ سرکاری املاک کی تباہی کے لئے بی آر ایس قائدین کی جانب سے کھلے عام اپیل کرنا غیر قانونی عمل ہے۔انہوں نے کہا کہ تلنگانہ عوام کی محنت سے قائم شدہ اداروں جیسے سنگارینی کو نقصان پہنچانے یا ریلوے پٹریاں کاٹنے کی اپیل دراصل تلنگانہ عوام کی توہین ہے۔کشن ریڈی نے الزام لگایا کہ اقتدار کھونے کے بعد بی آر ایس میں بے چینی بڑھ گئی ہے اور وہ سماج میں تشدد اور انتشار کا ماحول پیدا کر کے سیاسی فائدہ حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔انہوں نے یہ بھی الزام عائد کیا کہ راہول گاندھی بیرون ملک بھارت مخالف تقاریر کرتے ہیں اور ذات پات و مذہبی منافرت کو ہوا دے کر ملک میں عدم استحکام پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ تلنگانہ میں تشدد کی سیاست کے لئے کوئی جگہ نہیں ہے اور عوام کو چاہیے کہ نوجوانوں کو گمراہ کرنے اور قومی املاک کی تباہی کو فروغ دینے والی سیاست کو مسترد کریں۔

Desk

Ponnam

ریاستی وزیرِ ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے حیدرآباد کے کوکٹ پلی آر ٹی سی بس ڈپو میں آج 60 الیکٹرک بسوں کا افتتاح کیا۔اس موقع پر ایم ایل اے مادھورام کرشنا راؤ، ایم ایل سی نوین، آر ٹی سی ایم ڈی ناگی ریڈی اور میڑچل ضلع کلکٹر منو چودھری بھی موجود تھے۔ وزیر نے کہا کہ حیدرآباد کو آلودگی سے بچانے اور اسے ایک اور دہلی بننے سے روکنے کے لئے الیکٹرک بسیں متعارف کرائی جا

رہی ہیں۔انہوں نے بتایا کہ 2027 تک مزید الیکٹرک بسیں شامل کی جائیں گی۔اس وقت آر ٹی سی کے 10 ہزار بسوں میں ایک ہزار الیکٹرک بسیں چل رہی ہیں جبکہ مرکزی اسکیم کے تحت مزید 2200 بسیں جلد شامل ہوں گی۔

Desk

Greening Summit

ریاست میں گرین اور ماحول دوست صنعتی ترقی کو فروغ دینے کے لیے تلنگانہ ایم ایس ایم ای گرینِنگ سمٹ آر اے ایم پی پروگرام منعقد کیا گیا۔ یہ اجلاس گزشتہ روز ہائیٹیکس ایگزیبیشن سینٹر میں ہوا۔ریاستی وزیر ڈی سری دھر بابو نے اس موقع پر تلنگانہ MSME گرینِنگ پورٹل اور MSME اسیسمنٹ ٹول کٹ کا اجرا کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کا مقصد MSME اداروں میں پائیدار صنعتی تبدیلی، صاف ٹیکنالوجی کا استعمال اور وسائل کے مؤثر استعمال کو فروغ دینا ہے۔ حکومت کا ہدف ہے کہ تلنگانہ کو پائیدار صنعتی ترقی میں ملک کی نمبر ون ریاست بنایا جائے۔

Desk

Ramchander Rao

بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راو نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی 12 سالہ بدعنوانی سے پاک حکمرانی کے نتیجہ میں ہندوستان دنیا کی تیسری بڑی معیشت بن گیا ہے۔آج حیدر آباد میں بی جے پی ریاستی دفتر میں حضور نگر سے تعلق رکھنے والے ریٹائرڈ آئی آر ایس افسر سدھا کر ریڈی سمیت کئی افراد پارٹی میں شامل ہوئے۔اسی موقع پر راما بائی امبیڈکر کی 91ویں برسی پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔رام چندر راو نے کہا کہ مرکز نے تلنگانہ کی ترقی کے لئے 13 لاکھ کروڑ روپے دئے مگر کانگریس اور بی آر ایس جھوٹا پروپگنڈا کر رہے ہیں۔انہوں نے کانگریس کی کسان مخالف

پالیسیوں پر تنقید کی اور کہا کہ بے وقت بارش کے باعث خریداری مراکز میں دھان خراب ہورہا ہے، جبکہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کسانوں کو مشکلات میں چھوڑ دئے ہیں۔

HYD - PTC

Weather

محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی کہ آئندہ تین دنوں کے دوران ریاست کے بعض اضلاع میں ہلکی تا درمیانی بارش ہونے کا امکان ہے۔ ریاست کے مختلف اضلاع میں گرج و چمک، تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے جبکہ دوسری جانب شمال مشرق اضلاع میں آج اور کل گرم ہوائیں چلنے کا بھی امکان ظاہر کیا ہے۔

Desk

Minority Welfare New Director

ریاستی حکومت نے آئی اے ایس عہدیدار عبدالحمید کو محکمہ میناریٹی ویلفیر میں نئے ڈائرکٹر کے طور پر نامزد کی ہے۔ اس سے قبل عبدالحمید سدی پیٹ ضلع میں ایڈیشنل کلکٹر کے طور پر خدمات انجام دے رہے تھے۔ عبدالحمید نے کل اپنے عہدہ کا جائزہ لیا اور ریاستی وزیر محمد اظہر الدین سے خیرسگالی طور پر ملاقات کی۔

Desk

Civil Supply

محکمہ سیول سپلائی نے کہا کہ حکومت بھیگے ہوئے اناج کو خریداری کرنے کیلئے تیار ہے۔ انہوں نے اِس معاملہ میں کسانوں کو پریشان نہ ہونے پر زور دیا۔ محکمہ سیول سپلائی کے عہدیداروں نے کہا کہ اب تک 58 لاکھ میٹرک ٹن دھان کی خریداری کی گئی ہے اور اس سے متعلق 10 ہزار کروڑ روپے سے زائد جاری کئے گئے ہیں۔ کسانون کو کوئی مسئلہ درپیش ہونے پر 1967 ہلپ لائن کو کال کرنے کی ہدایت دی۔

Desk

○○